MIGRANT RESOURCE CENTRE

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر

# ملائشیا

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## اسلام آباد میں ملائشیا کا سفارت خانہ

اسلام آباد میں ملائشین ہائی کمیشن رمنا5،ڈپلومیٹک انکلیو-اسلام آباد پاکستان میں واقع ہے۔

ملائشین سفارت خانہ اسلام آباد کے قونصلر/ویزا سیکشن میں جانے کے لیے آپ کو ڈپلومیٹک شٹل استعمال کرنا ہو گی۔شٹل کا سٹاپ قائد اعظم یونیورسٹی روڈ،جی-5 اسلام آباد کے قریب تھرڈ ایونیو پر واقع ہے۔

**پتہ:**
پلاٹ نمبر144-150،سٹریٹ نمبر17،
ڈپلومیٹک انکلیو،سیکٹر جی-5،
اسلام آباد،پاکستان۔

**فیکس:** (92 51) 2833210
**ٹیلی فون:**(92 51) 2072900

**ای میل:**mw.kln.gov.my/web/pak_islamabad/home

**اوقاتِ کار:**سوموار تا جمعہ: صبح8:30بجے تا شام5:00بجے۔
**ویزے کے دن:** سوموار تا جمعرات۔

**چھٹی کے دن:** ہفتہ اور اتوار۔

# ملائشیا میں اینٹری کے لیے ضروری باتیں

## 1- ملائشیا میں داخل ہونے کے لیے وزیٹر کو مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اُترنا چاہیے:

### i- پاسپورٹ یا ٹریول ڈاکومنٹ موجود ہونا

a. ملائشیا میں داخل ہونے والے ہر شخص کے پاس ایک کارآمد پاسپورٹ یا بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ ٹریول ڈاکومنٹ ہونا چاہیے جو ملائشیا کا سفر کرنے کے لیے بھی کارآمد ہو۔

b. جس شخص کے پاس پاسپورٹ یا ملائشیائی حکومت کی جانب سے تسلیم شدہ ٹریول ڈاکومنٹ موجود نہ ہو اُسے پاسپورٹ کی جگہ کوئی اور دستاویز لانا ہو گی۔

c. پاسپورٹ کی جگہ بھی ڈاکومنٹ کے لیے درخواست بیرون ملک ملائشیا کے نمائندہ دفتر میں دی جا سکتی ہے۔

d. شناختی سرٹیفکیٹ، *Laisser Passer*، *Titre de Voyage*، مستقل رہائشی سرٹیفکیٹ جیسے سفری ڈاکومنٹس رکھنے والوں کو یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ اُن کا اصل وطن میں جانا یقینی ہو۔

e. ڈاکومنٹس کو اینٹری کی تاریخ کے بعد 6 ماہ تک کارآمد ہونا چاہیے۔

### ii- ویزا کے تقاضے پورے کریں

a. ویزا کسی پاسپورٹ یا دوسرے تسلیم شدہ ٹریول ڈاکومنٹ میں اِس بات کی منظوری ہوتی ہے کہ اُس غیر ملکی شخص نے ملائشیا میں داخل ہونے کی درخواست دی اور اُسے اجازت دے دی گئی ہے۔

b. بیرونی ممالک کے جن شہریوں کو ملائشیا میں داخل ہونے کے لیے ویزا لینے کی ضرورت ہے اُنھیں کسی بھی ملائشین نمائندہ دفتر میں پیشگی حاضر ہو کر ایک ویزا کی درخواست دینا اور ویزا لینا ہو گا۔

c. جاری کیا گیا ویزا اِس بات کی قطعی گارنٹی نہیں ہوتا کہ اِس کے حامل شخص کو ملائشیا میں داخل ہونے کی اجازت دے دی جائے گی۔

d. حتمی فیصلہ اینٹری کے مقام پر امیگریشن آفیسر نے کرنا ہوتا ہے۔

### iii- واپسی کا کارآمد ٹریول ٹکٹ اور خاطر خواہ فنڈز موجود ہوں

کسی وزیٹر کو یہ بھی ثابت کرنا پڑتا ہے کہ وہ ملائشیا میں قیام کرنے کے لیے خاطر خواہ مالی اہلیت رکھتا ہے اور اُس کے پاس واپسی کا کنفرم ٹریول ٹکٹ یا کسی تیسرے ملک کا ٹریول ٹکٹ موجود ہے۔

### iv- ممنوعہ شخص نہ ہونا

امیگریشن ایکٹ 1959/63ء کے سیکشن 8 کے تحت شمار کیے گئے کسی بھی شخص کو ملائشیا میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہو گی، خواہ اُس کے پاس ایک کارآمد پاسپورٹ یا ٹریول ڈاکومنٹ، ویزا، ٹریول ٹکٹ اور خاطر خواہ فنڈز بھی موجود ہوں۔

### v- آمد/روانگی کارڈ پُر کرنا

a. وزیٹر کے لیے ضروری ہے کہ باضابطہ اینٹری پوائنٹس پہ پہنچ کر آمد/روانگی کارڈ (Imm.26) پُر کرے۔ یہ کارڈ اینٹری پوائنٹس، بیرون ملک ملائشین نمائندہ دفاتر اور ٹریول ایجنسیوں سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

b. وزیٹر پر لازم ہے کہ وہ پُر کیے ہوئے آمد/روانگی کارڈ کے ہمراہ اپنا پاسپورٹ ڈیوٹی پر موجود امیگریشن آفیسر کو پیش کرے اور امیگریشن کاؤنٹر چھوڑنے سے پہلے اُسے یقینی بنانا ہو گا کہ پاسپورٹ یا ٹریول ڈاکومنٹ پر موزوں تصدیق کی گئی ہے۔

## 2- پاس کے متعلق معلومات

سماجی یا کاروباری مقاصد کی خاطر ملک میں داخل ہونے کی درخواستوں کے علاوہ پاسز کی دیگر اقسام کے لیے تمام درخواستیں ملک میں آمد سے قبل دینا ہوں گی۔ ہر درخواست کا ایک سپانسر ہونا چاہیے جو غیر ملکی شہری کی ملک میں موجودگی یا ملائشیا سے واپس بھجوائے جانے (اگر ضرورت ہوئی) کا ذمہ دار ہو گا۔

## 3- پاس لینا ضروری ہونا

جو غیر ملکی شہری ملائشیا کا وزٹ کرنا چاہتے ہیں اُنھیں ویزا کے علاوہ اینٹری پوائنٹ پر ایک پاس بھی حاصل کرنا ہو گا (جہاں ضروری ہو)۔ یہ اُنھیں عارضی طور پر قیام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ پاس سے مراد پاسپورٹ میں تصدیق ہے جو منظور شدہ مدت تک قیام کی اجازت ہے۔

## ویزا کی اقسام

ملائشیا کی حکومت غیر ملکی شہریوں کو تین قسم کے ویزے جاری کرتی ہے:

### 1-سنگل اینٹری ویزا

یہ ایسے غیر ملکی شہریوں کو جاری کیا جاتا ہے جنھیں سماجی وزٹ کے لیے ملائشیا میں داخل ہونے کی غرض سے ویزے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ عام طور پر سنگل اینٹری اور 3 ماہ کی مدت (اجراء کی تاریخ سے لے کر) کے لیے کارآمد ہوتا ہے۔

### 2-ملٹی پل اینٹری ویزا

یہ ایسے غیر ملکی شہریوں کو جاری کیا جاتا ہے جنھیں کاروبار یا سرکاری سطح کے معاملات کے لیے ملائشیا میں داخل ہونے کی غرض سے ویزے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ عام طور پر 3 تا 12 ماہ (اجراء کی تاریخ سے لے کر) کے لیے کارآمد ہوتا ہے۔ ہندوستان اور عوامی جمہوریہ چین کے جو شہری سوشل وزٹ کے سلسلے میں ملائشیا آنا چاہتے ہوں وہ ملٹی پل اینٹری ویزا اپلائی کرنے کے اہل ہیں۔ ملٹی پل اینٹری ویزا ایک سال تک کارآمد ہوتا ہے۔ ہر ایک اینٹری صرف 30 دن کے لیے ہے اور قیام میں توسیع کروانے کی اجازت نہیں۔ ملٹی پل اینٹری ویزا کے لیے شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

- درخواست گزار کے لیے ضروری ہے کہ ملائشیا میں قیام کے لیے خاطر خواہ فنڈز موجود ہونے کا ثبوت دے۔
- درخواست گزار کے پاس ایک کارآمد اور تصدیق شدہ ریٹرن ٹکٹ ہونا چاہیے۔
- ٹور گروپس ملٹی پل اینٹری ویزا کے لیے اپلائی کرنے کے اہل نہیں۔
- ملٹی پل اینٹری ویزا کی فیس ہندوستانی شہریوں کے لیے RM100.00 اور عوامی جمہوریہ چین کے شہریوں کے لیے RM30.00 ہے۔

### 3-ٹرانزٹ ویزا

یہ ایسے غیر ملکی شہریوں کو جاری کیا جاتا ہے جو دوسرے ممالک کو جاتے ہوئے ٹرانزٹ پر ملائشیا میں داخل ہونا چاہتے ہوں۔ جن غیر ملکی شہریوں کو ٹرانزٹ پر ایئرپورٹ کی حدود سے باہر نہ آنا پڑے اور اُسی فلائٹ سے اگلی منزل پر روانہ ہو جائے اُنھیں ٹرانزٹ ویزا کی ضرورت نہیں۔

## انٹری پرمٹ

ملائشیا کی شہریت نہ رکھنے والا کوئی غیر ملکی شہری اگر ملائشیا آنا اور بطور مستقل رہائشی یہاں رہنا چاہتا ہے تو امیگریشن ایکٹ کے سیکشن 10 اور امیگریشن ریگولیشنز 1963ء کے ریگولیشن نمبر 4 کی مطابقت میں ایک انٹری پرمٹ کے لیے اپلائی کر سکتا ہے۔ ایک انٹری پرمٹ ڈاکومنٹ کی شکل میں ہوتا ہے۔

## انٹری پرمٹ درخواست کے لیے کیٹگریاں

اِس کی چار کیٹگریاں ہیں:

### سرمایہ کار

- ملائشیا کے کسی بینک میں کم از کم 2 ملین امریکی ڈالر کا فکسڈ ڈیپازٹ جسے پانچ سال بعد ہی نکلوانے کی اجازت ہو۔
- 18 سال سے کم عمر کا بچہ / بچے بھی ملائشیا میں پانچ سال قیام کے بعد مستقل رہائش کا پرمٹ لینے کے حق دار ہوں گے۔
- ایک ملائشیائی سپانسر کی ضرورت ہے۔

### خصوصی ماہر (ایکسپرٹ)

- خصوصی مہارت، ہنر اور قابلیت رکھنے والا فرد جسے کسی بھی بین الاقوامی تنظیم نے "ورلڈ کلاس" تسلیم کیا ہے۔
- ملائشیا میں متعلقہ ایجنسی کی جانب سے سفارش ہونا ضروری ہے۔
- اپنے اصل ملک کی جانب سے اچھے طرزِ عمل کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہے۔
- ایک ملائشیائی سپانسر کی ضرورت ہے۔

### پروفیشنل

- کسی بھی شعبے میں غیر معمولی مہارتوں کا حامل پروفیشنل۔
- ملائشیا میں متعلقہ ایجنسی کی جانب سے سفارش ہونا ضروری ہے۔
- اپنے اصل ملک کی جانب سے اچھے طرزِ عمل کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہے۔
- ایک ملائشیائی سپانسر کی ضرورت ہے۔
- ملائشیا میں کسی سرکاری ایجنسی یا نجی کمپنی میں کم از کم تین سال کام کرنے کا تجربہ ہو اور ملائشیا میں متعلقہ ایجنسی کی جانب سے تصدیق کی گئی ہو۔

ملائشیا میں متعلقہ ایجنسیوں کی فہرست جو مستقل رہائش کے لیے Recommendation جاری کرتی ہیں۔

| نمبر | ایجنسیاں | خصوصی مہارت کا شعبہ |
|---|---|---|
| 1 | وزارتِ صحت | صحت اور میڈیکل |
| 2 | انٹرنیشنل ٹریڈ اینڈ انڈسٹریز (MITI) / ملائشین انڈسٹریل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (MIDA) | صنعتی سروسز اور مصنوعات سازی |
| 3 | وزارت زراعت اور زراعت پر مبنی صنعت | زراعت اور زراعت پر مبنی |
| 4 | وزارت ٹرانسپورٹ | بحری، فضائی اور زمینی ٹرانسپورٹیشن |
| 5 | اعلیٰ سطحی تربیت کی وزارت | اعلیٰ سطحی تربیت |
| 6 | وزارت برائے سائنس، ٹیکنالوجی اینڈ Innovation | سائنس، ٹیکنالوجی اور ICT |
| 7. | وزارت برائے انفارمیشن، کمیونیکیشن اینڈ کلچر | انفارمیشن، کمیونیکیشن، کلچر اینڈ آرٹس |
| 8. | وزارت برائے یوتھ اینڈ سپورٹس / ملائشین سپورٹس کونسل | سپورٹس |
| 9 | سنٹرل بینک | بینکنگ اینڈ فنانس |
| 10 | سکیورٹی کمیشن | انویسٹمنٹ اینڈ کیپیٹول |

## ملائشیائی شہری کا شوہر/بیوی

- ملائشیائی شہری کے ساتھ شادی شدہ۔
- طویل المدت وزٹ پاس جاری کیا گیا اور پانچ سال تک متواتر ملائشیا میں رہائش رہی۔
- Surat Akuan Perkahwinan جمع کروانا ضروری ہے۔
- شوہر/بیوی کو سپانسر ہونا چاہیے۔
- ملائشیائی شہری کے 6 سال سے کم عمر کے بچے/بچوں کے لیے والدین کو سپانسر کرنا چاہیے۔

## پوائنٹ سسٹم

- تمام غیر ملکی شہریوں کے لیے سرمایہ کاری، ایکسپرٹ، پروفیشنل اور ملائشیائی شہری کے شوہر/بیوی کے لیے درخواستیں دی جا سکتی ہیں۔
- درخواست کو جانچتے وقت سات پوائنٹس کو مد نظر رکھا جاتا ہے:

1. عمر
2. تعلیمی کوائف
3. ملائشیا میں قیام کا دورانیہ
4. ملائشیا انسٹی ٹیوٹ سے واقفیت
5. سرمایہ کاریوں کی ویلیو
6. ملائشیا میں کام کرنے کا تجربہ
7. Bahasa ملائشیا میں مہارت۔

یہ سب معیار اینٹری پرمٹ کی درخواست کے لیے نمبر بناتے ہیں۔ کم از کم 65 نمبر لینے والے درخواست گزار اپنی درخواست جمع کروانے کے اہل ہیں۔

درخواست گزاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ پوائنٹ سسٹم کیلکولیٹر کی مدد سے حساب لگائیں کہ اُنھیں کتنے نمبر ملتے ہیں۔ اِس طرح پتا چل جائے گا کہ وہ اینٹری پرمٹ کے لیے اپلائی کرنے کے اہل ہیں یا نہیں۔

## اپلائی کیسے کیا جائے

- مجوزہ فارم پر درخواست ملائشیا کے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کو جمع کروانی ہو گی۔
- درخواست ملائشیا میں دی جانی چاہیے۔
- اپنے نام پر ایک کور لیٹر ہونا ضروری ہے۔
- درخواست جمع کروائے جانے پر درخواست گزار کو امیگریشن ڈیپارٹمنٹ میں انٹرویو دینا ہوتا ہے اور پولیس ریکارڈز چیک کرتی ہے۔
- ملائشیا میں متعلقہ ایجنسی کی جانب سے تعارفی خط درخوست کے ساتھ جمع کروانا ہو گا۔

## ملائشیا کا سٹوڈنٹ ویزا

انڈر گریجوایٹ اور پوسٹ گریجوایٹ کی سطح پر انٹرنیشنل تعلیم کے خواہش مند طلبا کی تعداد میں متواتر اضافہ ہو رہا ہے، لہٰذا متعدد ممالک اپنی سٹوڈنٹ ویزا کی درخواستوں کے سادہ عمل اور پالیسیوں کی وجہ سے طلبا میں مقبول ہیں۔ ملائشیا بھی ایسے ہی ممالک میں سے ایک ہے جو طلبا کی توجہ کا محور بن گیا ہے۔ ملائشیا کے سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست کو سمجھنا اور مکمل کرنا بہت آسان ہے۔

## ملائشیا کے سٹوڈنٹ ویزا کی اہلیت کے لیے ضروری باتیں

ملائشیا میں سٹڈی کرنے کے لیے اہلیت کے کچھ تقاضے ہیں جنھیں پورا کرنا درخواست گزار پر لازم ہے:

- انٹرنیشنل سٹوڈنٹس نے کم از کم 12 سال کی تعلیم مکمل کی ہو۔
- طلبا کو متعلقہ وزارت تعلیم کی جانب سے تسلیم کردہ ایک قومی یا بین الاقوامی امتحان دینا ہو گا کہ ملائشیا کا سٹوڈنٹ ویزا اپلائی کر سکیں۔
- اگر سٹوڈنٹ ویزا اپلائی کرنے والے نے کسی انگلش گو ملک میں اپنی سابقہ تعلیم مکمل کی ہے، تو SAT، GRE، GMAT وغیرہ جیسے امتحانات کے سکورز کی ضرورت نہیں۔

اِس کے علاوہ امیدوار کو ملائشین ادارے کے اہلیت کے تقاضوں پر بھی پورا اترنا ہو گا تاکہ ملائشیا سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کر سکے۔

## ملائشیا کے سٹوڈٹ ویزا کے لیے IELTS اور TEOFL کے تقاضے

ملائشیا کا سٹوڈنٹ ویزا حاصل کرنے کے خواہش مند شخص کو انگلش زبان میں قابلیت کے ٹیسٹ کے تقاضوں پر پورا اترنا ضروری ہے۔ سٹوڈنٹ ویزا کے درخواست گزار کو IELTS یا TOEFL کے لیے اپنے سکورز جمع کروانا ہوں گے۔

## ملائشیاسٹوڈنٹ ویزاIELTSکے تقاضے

ملائشیا میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے امیدوار کاIELTSمیں سکور کم از کم6.0ہونا چاہیے

## ملائشیاسٹوڈنٹ ویزاTOEFLکے تقاضے

ملائشیا میں سٹڈی کرنے کے لیے طالب علم کاTOEFLسکور ملائشین انسٹی ٹیوشن کے تقاضا کردہ کم از کم سکور جتنا ہونا چاہیے۔

## ملائشیا کے سٹوڈنٹ ویزا کے لیے درکار دستاویزات کی چیک لسٹ

ملائشیا میں سٹڈی کرنے اور سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کرنے میں عمومی طور پر درکار دستاویزات مندرجہ ذیل ہیں:

- سفید بیک گراؤنڈ والی پاسپورٹ سائز فوٹو،35mmx45mm۔
- درخواست گزار کے پاسپورٹ کی کاپی جس میں خالی صفحات کے سوا تمام ڈیٹا ہو۔
- ملائشیا میں تعلیمی ادارے کی جانب سے پیشکش کے لیٹر کی کاپی۔
- درخواست گزار کے اکیڈمک سرٹیفکیٹس کی کاپیاں اور ٹرانسکرپٹس۔
- درخواست گزار کی آمد سے قبل میڈیکل معائنے کی رپورٹ (لیب رپورٹ اور چھاتی کے ایکسرے کی رپورٹ انگلش میں ہونی چاہیے)۔
- داخلہ دینے والے ملائشین ادارے سے ایک "پرسنل بانڈ"۔
- انگلش زبان میں قابلیت کے ٹیسٹ کے سکور جو مندرجہ ذیل میں سے ایک ہو سکتا ہے:
  - PTE:اکیڈمک
  - IELTS
  - CAE
  - TOEFL
  - CPE
  - MUET
- ملائشیا میں تعلیم جاری رکھنے کی خاطر سٹوڈنٹ پاس کی تجدید کے لیے امیدوار کو مندرجہ ذیل دستاویزات پیش کرنا ہوں گے:
  - سفید بیک گراؤنڈ والی پاسپورٹ سائز فوٹو،35mmx45mm۔
  - درخواست گزار کے پاسپورٹ کی کاپی جس میں خالی صفحات کے سوا تمام ڈیٹا ہو۔
  - درخواست گزار کے اکیڈمک سرٹیفکیٹس کی کاپیاں، ٹرانسکرپٹس اور/یا دیگر ریکارڈز۔

## ملائشیاسٹوڈنٹ ویزاکے حامل افراد کے لیے ورک پالیسی

- ملائشیا کے ادارے میں زیر تعلیم سٹوڈنٹ ویزا کے حامل افراد کو پارٹ ٹائم کام کرنے کی اجازت ہے۔ وہ فی ہفتہ زیادہ سے زیادہ 20 گھنٹے کام کر سکتے ہیں، اور وہ بھی صرف چھٹیوں یا بریکس کے دوران جو سات دن سے زیادہ مدت کی ہوں۔ ملائشیائی سٹوڈنٹ ویزا کے حامل کو ملازمت لینے سے قبل اپنے تعلیمی ادارے کے توسط سے پارٹ ٹائم کام کرنے کی درخواست جمع کروانے کی ضرورت ہے۔
- ملائشیا کے سٹوڈنٹ ویزا کے حامل افراد کو بطور کیشیئر کام کرنے یا ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی اجازت نہیں جنھیں ملائشیا کا قانون غیر اخلاقی سمجھتا ہے۔

## ملائشیاکاسٹوڈنٹ ویزالینے کی درخواست کاطریقہ

ملائشین ادارے میں داخلہ لینے کا خواہش مند طالب علم آفیشل ایجوکیشن ملائشیا گلوبل سروسز (EMGS) آن لائن پورٹل کے ذریعے بہ آسانی ملائشیا کے لیے آن لائن ویزا اپلائی کر سکتا ہے۔

https://educationmalaysia.gov.my/

## ملائشیا کے لیے سٹوڈنٹ ویزا فیس

سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست کے لیے مختلف ملائشیا سٹوڈنٹ فیس مطلوبہ کورس اور ادارے کی نوعیت کے مطابق مختلف ہے۔ اِس کے علاوہ میڈیکل انشورنس بھی سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست برائے ملائشیا کا لازمی جزو ہے۔ ملائشین اداروں میں سٹڈی کے خواہش مند سٹوڈنٹ کو ویزا کے علاوہ I-Kad بھی حاصل کرنا ہوتا ہے جو ایک آفیشل ملائشین شناختی کارڈ ہے۔ میڈیکل انشورنس کی لاگت سٹوڈنٹ ویزا درکواست کی فیس میں شامل نہیں، جو مندرجہ ذیل ہے:

| ملائشین انسٹی ٹیوٹ کی قسم | کورس کی قسم | I-Kad | درخواست کی فیس |
|---|---|---|---|
| IPTS(پرائیویٹ ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ) | نئی درخواست | خود لینا ہوگا | RM 1,560 |
| IPS(پرائیوکیٹ ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ) | نئی درخواست | خود لینا ہوگا | RM 1,060 |
| IAC(انٹرنیشنل ایکریڈیشن سنٹرز) | نئی درخواست | خود لینا ہوگا | RM 1,060 |
| IPTA(پبلک ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوشنز) | نئی درخواست | خود لینا ہوگا | RM 1,560 |

### ملائشیا سٹوڈنٹ ویزا کی تجدید کے لیے ضروری باتیں

- سٹوڈنٹ ویزا کی تجدید کروانے اور ملائشین اداروں میں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لیے طالب علم کو CGPA کم از کم 2.0 حاصل کرنا اور اپنی حاضری 80 فیصد سے زائد رکھنا ضروری ہے۔
- اگر کوئی طالب علم یہ تقاضے پورے میں ناکام ہو جائے تو ادارے کو امیدوار کے سٹوڈنٹ ویزا درخواست برائے تجدید کی حمایت میں ایک وضاحتی لیٹر جمع کروانا ہوگا تاکہ امیدوار ملائشیا میں اپنی سٹڈی جاری رکھ سکے۔

## ملائشیا کے سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست دینے کی تاریخیں

ملائشیا میں کسی ملائشین ادارے میں تعلیم کے لیے درخواست کی تاریخوں پر کوئی پابندی عائد نہیں۔ کوئی شخص سارا سال ملائشین سٹوڈنٹ ویزا کے لیے اپلائی کر سکتا ہے۔

## ملائشیا سٹوڈنٹ ویزا کی درخواست پر کارروائی کا دورانیہ

ملائشیا کے سٹوڈنٹ ویزا کے لیے کارروائی کا اوسط دورانیہ 5 تا 6 دن ہے۔ یہ دورانیہ مختلف حالات میں اور درخواست دینے کے مراکز کے لحاظ سے معمولی مختلف ہو سکتا ہے۔

## ملائشیا کا سٹوڈنٹ ویزا کے لیے کسٹمر کیئر

ملائشیا سٹوڈنٹ ویزا، اہلیت، ضروریات اور فیس کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے طلبا ملائشین وزارت تعلیم کے قائم کردہ آن لائن پورٹل سے مدد لے سکتے ہیں۔

# غیر ملکی ورکرز

## غیر ملکی ورکرز کی ریکروٹمنٹ کے لیے شرائط

- صرف اِن سیکٹرز میں کام کرنے کی اجازت ہے: مینوفیکچرنگ، کنسٹرکشن، پلانٹیشن، زراعت اور سروسز۔
- ایمپلائرز / کمپنیوں کو وزارتِ داخلہ امور کے "ون سٹاپ سنٹر" (OSC) سے فارن ورکرز کا کوٹہ حاصل کرنا ہو گا۔
- درخواست دینے کے وقت عمر 18 سال سے کم اور 45 سال سے زیادہ نہ ہو۔
- امیگریشن سیکورٹی کلیئرنس (ISC) کے لیے تصدیق شدہ 'پاس'؛ ISC سنٹرز کی فہرست۔
- اپنے اصل ممالک میں منظور شدہ میڈیکل سنٹر سے صحت مندی کا تصدیق نامہ؛ میڈیکل سنٹر کی فہرست۔
- ایسے غیر ملکی افراد میں شامل نہ ہو جنھیں امیگریشن ایکٹ 1959/1953ء کے سیکشن 8(3) کے تحت ملک میں داخلے سے منع کیا گیا ہے۔

## درخواست دینے کا طریقہ

### فیز I (آمد سے قبل)

ایمپلائرز کو چاہیے کہ پہلے اپنے اصل ممالک میں ISC سنٹر سے Pass امیگریشن سیکورٹی کلیئرنس (ISC) حاصل کریں۔

ایمپلائرز کو چاہیے کہ پہلے فارن ورکرز کو ملازمت دینے سے قابل امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کو Visa with Reference (VDR) منظوری کے لیے درخواست دیں۔

VDR کے لیے درخواست فارمز امیگریشن کاؤنٹرز پر یا ای-سروسز سسٹم کے توسط سے آن لائن جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

VDR درخواست اِس چیک لسٹ کے مطابق ہونی چاہیے:

**VDR درخواست فارم**

- وزارت داخلہ کی جانب سے منظوری کا لَیٹر (کوٹہ کی منظوری)
- ٹیکس (levy) کی ادائیگی کی اصل رسید۔
- IM.12 اور IM.38 فارمز۔
- سیکورٹی بانڈ–ڈیپازٹس / انشورنس گارنٹی / بینک گارنٹی (انشورنس کی گارنٹی پر مہر لگی ہونی چاہیے اور یہ کم از کم 18 ماہ کے لیے کارآمد ہو۔
- فارن ورکرز کے پاسپورٹ کی کاپی۔
- فارن ورکرز کی تازہ ترین فوٹو (پاسپورٹ سائز)۔
- اپنے اصل ممالک میں میڈیکل سنٹر سے میڈیکل سرٹیفکیٹس (انشورنس کی تاریخ سے لے کر تین ماہ تک کارآمد)۔

## فارن ورکرز کی انشورنس(compensation scheme)

ہیلتھ انشورنس پروٹیکشن سکیم فارن ورکرز(SPIKPA) کی انشورنس پالیسی–ماسوائے پلانٹیشن سیکٹر۔

فارن ورکرز کو ملائشیا امیگریشن ڈیپارٹمنٹ سےVDR منظوری ملنے تک اپنے اپنے ملکوں میں ہی رہنا ہو گا۔

**نوٹ:** Sabahاور Sarawakکے لیے فارن ورکرز ایمپلائمنٹ کی منظوری بھی حکومت کے تابع ہے۔

## فیزII(آمد کے بعد)

فارن ورکرز کو صرف منظور شدہ اینٹری پوائنٹس سے ہی ملک میں دوبارہ داخل ہونے کی اجازت ہو گی جس کے لیے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کا جاری کردہVDR اور اپنے اصل وطن میں ملائشین اتاشی آفس سے جاری کردہ اینٹری ویزا استعمال ہو گا۔

ایمپلائرز کو یقینی بنانا ہو گا کہ اینٹری پوائنٹس پر فارن ورکرز کی کلیئرنس کا عمل آمد کے بعد24 گھنٹے کے اندر اندر مکمل ہو جائے۔

فارن ورکرز کو وزٹ پاس کا اجرا(عارضی ایمپلائمنٹ)(VP(TE تبھی کیا جائے گا جب وہFOMEMA میڈیکل معائنہ 30 دن کے اندر اندر پاس کرلیں گے جوFOMEMA کے پاس رجسٹرڈ کسی بھی میڈیکل مرکز پر کیا جاسکتا ہے۔

جب فارن ورکرFOMEMA کے پاس رجسٹرڈ کلینک / میڈیکل سنٹر سے فٹ ہونے کا سرٹیفکیٹ لے لے گا تو اُسے(VP(TE جاری کیا جائے گا۔ ایسا نہ ہو سکنے پر فارن ورکر کو اِس ملک میں رہنے اور کام کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ ایمپلائرز کے لیے ضروری ہے کہ فارن ورکر کو اُس کے وطن واپس بھجوانے کے لیے چیک آؤٹ میمو اپلائی کریں۔

(VP(TE کا اجرا امیگریشن آفس سے ہو گا جس نےVDR منظوری کا لیٹر جاری کیا تھا۔

## VP (TE) کی توسیع

VP(TE) بارہ ماہ کی مدت کے لیے کارآمد ہے۔ ایمپلائرز میعاد ختم ہونے کی تاریخ سے تین ماہ پہلے VP(TE) توسیع کی درخواست دے سکتے ہیں۔

ایمپلائرز کو یقینی بنانا ہو گا کہ VP(TE) کی میعاد ختم ہونے سے پہلے توسیع کی درخواست دے دیں۔ میعاد ختم ہونے کی تاریخ کے بعد جمع کروائی گئی کوئی بھی درخواست غور و خوص کے لیے امیگریشن انفورسمنٹ ڈویژن کو بھجوا دی جائے گی۔

VP(TE) توسیع کی درخواست اِس چیک لسٹ کے مطابق ہونی چاہیے:

- فارن ورکر کے پاسپورٹ کی معیاد ختم ہونے میں ابھی 12 ماہ یا زائد عرصہ باقی ہو۔
- VP(TE) کی توسیع کے لیے لیٹر۔
- ملازم / کمپنی کے نمائندے کا شناختی ڈاکومنٹ (SSM کمپنی / فارم 49 / فارم B&D / کارڈ کمپنی کے نمائندے / فارم کمپنی کے نمائندوں نے ایمپلائر کے شناختی کارڈ کی کاپی پر تصدیق کی ہو / ایمپلائر کے شناختی کارڈ کی کاپی)۔
- بینک گارنٹی کی شکل میں سکیورٹی بانڈ / انشورنس گارنٹی / ڈیپازٹ (بینک گارنٹی کی میعاد / انشورنس گارنٹی کم از کم 18 ماہ)۔
- ہیلتھ انشورنس پروٹیکشن سکیم فارن ورکرز (SPIKPA) کی انشورنس پالیسی، ماسوائے پلانٹیشن سیکٹر۔
- فارن ورکرز کمپنسیشن سکیم (FWCS) کی سلِپ۔
- فارن ورکرز کو FOMEMA کے پاس رجسٹرڈ کلینک / میڈیکل سنٹر سے طبی معائنہ کروانا اور فٹنس کا سرٹیفکیٹ لینا ہو گا (صرف دوسرے اور تیسرے سال کی توسیع کے لیے)۔

### ملازمت کا عرصہ اور وطن واپس بھیجا جانا

فارن ورکرز کو سالانہ بنیادوں پر دس سال تک اس ملک میں کام کرنے کی اجازت ہے۔ تاہم، جو افراد 6P پروگرام کے تحت رجسٹرڈ ہیں اُنھیں صرف 3 سال تک کام کرنے کی اجازت ہے۔

ملازمت مکمل ہونے یا ملازمت سے نکالے جانے پر ایمپلائرز کو یقینی بنانا ہو گا کہ چیک آؤٹ میمو کی مدد سے فارن ورکرز اپنے اصل وطن واپس بھیج دیا جائے۔ سکیورٹی بانڈ کا کلیم کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ وطن واپس بھجوانے کا عمل چیک آؤٹ میمو کے مطابق ہو۔

## VPتوسیع کے لیے فیس (TE)

VP (TE)توسیع کی درخواست کے لیے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کو مندرجہ ذیل فیسیں ادا کرنا ہوں گی:

| سیکٹر | LEVY (Peninsular) | LEVY (Sabah/ Sarawak) | VP(TE) | PROCESS | ویزا |
|---|---|---|---|---|---|
| مینوفیکچرنگ | RM1,850.00 | RM1,010.00 | RM60.00 | RM125.00 | شہریت کی بنیاد پر |
| کنسٹرکشن | RM1,850.00 | RM1,010.00 | RM60.00 | RM125.00 | |
| پلانٹیشن | RM640.00 | RM590.00 | RM60.00 | RM125.00 | |
| زراعت | RM640.00 | RM410.00 | RM60.00 | RM125.00 | |
| سروسز | RM1,850.00 | RM1,490.00 | RM60.00 | RM125.00 | |
| سروسز (island resort) | RM1,850.00 | RM1,010.00 | RM60.00 | RM125.00 | |

ٹیبل 1: levyکاریٹ، VP (TE)اور پروسیس فیس کی بنیاد مختلف سیکٹرز پر ہے۔

| شہریت | ویزا(RM) | سیکیورٹی بانڈ(RM) |
|---|---|---|
| انڈونیشیا | 15.00 | 250.00 |
| بنگلہ دیش | 20.00 | 500.00 |
| پاکستان | 20.00 | 750.00 |
| میانمر | 19.50 | 750.00 |
| انڈیا | 50.00 | 750.00 |
| فلپائن | 36.00 | 1,000.00 |
| تھائی لینڈ | Gratis | 250.00 |
| کمبوڈیا | 20.00 | 250.00 |
| نیپال | 20.00 | 750.00 |
| ویتنام | 13.00 | 1,500.00 |
| سری لنکا | 15.00 | 750.00 |

ٹیبل 2:ویزااور سیکیورٹی بانڈ کے ریٹس کی بنیاد شہریت (قومیت) پر ہے۔

ادائیگی نقد یا بینک ڈرافٹ بنام "ڈائریکٹر جنرل آف امیگریشن ملائشیا" کی جا سکتی ہے۔

سٹیٹ آفس کے لیے بنام "ڈائریکٹر آف امیگریشن آف (متعلقہ ریاست)" ہونا چاہیے مثلاً ڈائریکٹر آف امیگریشن سیلانگور۔

VP(TE) پرمٹ کے حامل فارن ورکرز کو یہ شرائط پوری کرنی ہوں گی:

- اہل خانہ کو ساتھ آنے یا اِس ملک میں رہنے کی اجازت نہیں؛
- ایک فرنٹ لائنز کے طور پر کام نہیں کرنا چاہیے؛
- ایمپلائرز یا ملازمت کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں؛ اور
- مقامی یا فارن شہریوں کے ساتھ شادی کرنے کی اجازت نہیں۔

## فارن ورکرز کا فرار ہو جانا

فارن ورکرز کو مندرجہ ذیل صورتوں میں "مفرور" قرار دیا جا سکتا ہے:

- وہ بھاگنے کی نیت سے ایمپلائرز کو اطلاع کیے بغیر اپنی کام کرنے کی جگہ سے چلے جائیں؛ اور
- اپنے اصل وطن سے واپس آنے کے بعد کام کرنے کی جگہ پر دوبارہ نہ آئیں۔

ایمپلائرز پر لازم ہے کہ مفرور ملازمین کے کیسز امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کو رپورٹ کریں اور مندرجہ ذیل دستاویزات مہیا کریں:

- ایمپلائر / کمپنی کے نمائندے کا شناختی دستاویز۔
- فارن ورکرز کے پاسپورٹ کی کاپی۔
- فارن ورکرز کے مفرور ہونے کا فارم۔
- پولیس رپورٹ۔

فرار ہو جانے والے فارن ورکرز کو امیگریشن ڈیپارٹمنٹ بلیک لسٹ کر دے گا۔ اُن کے سکیورٹی بانڈز بھی ضبط کر لیے جائیں گے۔